© rasailojaraid.com



# دیکھ کر رنگِ چمن، ہو نہ پریشان مالی

(مولانا) قاری محمد حنیف جالندھری (ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ، پاکستان)

الحمدللہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

نثر اور نظم دونوں انسان کے خیالات وجذبات کے اظہار کا ذریعہ ہیں۔ عام طور پر سنجیدہ اور علمی مضامین کے لیے نثر اور لطیف اور اچھوتے تخیلات کے لیے نظم کو ذریعہ اظہار بنایا جاتا ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ شعراء حضرات بعض اوقات ایک شعر بلکہ ایک مصرع میں تاریخ کا پورا دفتر اور زندگی کا خلاصہ سمو دیتے ہیں۔ دنیا سے بے رغبتی اور زہد واستغناء کے طویل مضمون کو حضرت خواجہ عزیز الحسن مجذوبؒ نے صرف ایک شعر:

جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے
یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے

میں سمیٹ دیا ہے۔ دنیا کی اسی بے ثباتی کو نظیر اکبر آبادی نے محض ایک مصرع میں بیان کر دیا ہے:

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارا

اسی طرح علامہ اقبال مرحوم نے اپنے کئی اشعار میں پوری تاریخ کا خلاصہ بیان کر کے سمندر کو کوزے میں بند کر دیا ہے۔ "جوابِ شکوہ" میں اُن کا یہ مشہور شعر:

ہے عیاں یورش تاتار کے افسانے سے
پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

بھی اسی نوع کا ہے، جس میں انھوں نے گردش زمانہ کے حوادث سے گھبرا کر ناامید ہونے کی بجائے ایسے واقعات وحادثات میں پوشیدہ نئے امکانات کی طرف متوجہ کیا ہے۔ ہر ناکامی کے بعد دوبارہ کامیابی کا دور آنا یقینی ہے۔ یہ ضابطہ افراد کے لیے بھی ہے اور اقوام کے لیے بھی، بشرطیکہ قوم یا فرد نئی جدوجہد کے لیے تیار ہو اور اس کی ضروری شرطوں کو پورا کرے۔ اس شعر میں علامہ مرحوم نے یہی پیغام دیا ہے کہ اگر آدمی اپنی ہمت نہ کھوئے اور جدوجہد ترک نہ کرے تو مایوس کن حالات میں بھی اُمید کی کرنیں چمک سکتی ہیں۔ اس شعر میں انھوں نے جس تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے وہ یہ ہے کہ ساتویں صدی ہجری میں تاتاری قبائل نے اسلامی سلطنت پر حملہ کیا اور عراق، ایران اور ترکستان میں مسلم تہذیب وسلطنت کو تہ وبالا کر دیا۔ ان علاقوں میں بظاہر مسلمانوں کے ابھرنے اور غالب آنے کے امکانات معدوم ہو گئے۔ مسلمان میدانِ جنگ میں عبرتناک شکست کھا چکے تھے مگر دعوت کا میدان موجود تھا جس میں اسلام پھر سے غالب آ سکتا تھا۔ چنانچہ ایک دعوتی واقعہ صنم خانوں سے کعبہ کے لیے پاسبان ملنے کا ذریعہ بن گیا، لکھا ہے کہ شیخ جمال الدین ایرانیؒ کہیں جا رہے تھے، اتفاق سے انہی دنوں ایک تاتاری شہزادہ تغلق تیمور شکار کے لیے نکلا ہوا تھا۔ یہ شہزادہ تاتاریوں کی چغتائی شاخ کا ولی عہد تھا جو ایران پر حکومت کر رہی تھی۔ شیخ جمال الدین ایرانیؒ چلتے ہوئے اس علاقہ میں پہنچ گئے جہاں شہزادہ شکار کھیل رہا تھا۔ تاتاری اس زمانہ میں ایرانیوں کو منحوس سمجھتے تھے۔ شہزادہ کے سپاہیوں نے شکار گاہ میں ایک ایرانی کی موجودگی کو بری فال سمجھا اور ان کو پکڑ لیا۔ اس کے بعد وہ شیخؒ کو شہزادہ کے پاس لے گئے۔ شہزادہ ان کو دیکھ کر سخت برہم ہوا۔ غصے کی حالت میں اس نے اپنے کتے کی طرف اشارہ کر کے پوچھا کہ:...... "تم اچھے ہو یا میرا یہ کتا؟" شیخؒ نے یہ نفرت انگیز سوال سن کر نہایت متانت سے کہا کہ:...... "اگر میرا خاتمہ ایمان پر ہو گیا تو میں کتے سے بہتر ہوں ورنہ یقیناً یہ کتا مجھ سے بہتر ہے۔"

© rasailojaraid.com

